SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)

**PRESS RELEASE**

For immediate release

May 17, 2026

# SECP Reports 21% Growth in New Company Registrations, Surge in Foreign Investment

**ISLAMABAD, May 17:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan has reported strong growth in company registrations, foreign investment, digitalization, and compliance during February-April 2026, following reforms introduced by the new management. As part of efforts to modernize Pakistan's corporate sector, the SECP focused on faster disposal of incorporation and licensing applications, improving guidance for companies on regulatory requirements, and strengthening the department through workforce enhancement.

The SECP registered 10,511 new companies from February to April 2026, showing a 21 percent increase compared to 8,693 companies incorporated during the same period last year. Out of the total, 4,082 companies were incorporated in April alone, the highest monthly incorporation figure recorded by the regulator. According to SECP data, investors from more than 22 countries registered companies in Pakistan during the period. Around 220 companies were registered with foreign shareholders, having cumulative paid-up capital of Rs882 million, compared to Rs277 million during the corresponding period last year, showing an increase of approximately 218 percent.

Foreign investment remained concentrated in trading, services, information technology, construction, and mining sectors. Chinese investors remained among the leading foreign participants in newly incorporated companies. The SECP also reported strong growth in compliance filings amid intensified enforcement measures. During the period, the corporate registry received 61,960 returns, compared to 38,326 returns filed during the same period last year, showing a 61 percent increase.

The SECP launched a comprehensive compliance campaign to encourage and facilitate companies in filing statutory returns, with special focus on Ultimate Beneficial Ownership (UBO) compliance requirements. In another key development, the SECP issued notification for replacement of physical shares into book-entry form on share transaction basis to promote digitization and transparency in the corporate sector. SECP also inked MoU with Askari Bank and NayaPay to facilitate swift bank account opening for newly incorporated companies. As part of its expansion strategy, the SECP plans to establish Business Facilitation Centres in Islamabad, Karachi, Lahore, Sialkot, and Faisalabad to improve access to corporate services.

Going forward, the SECP plans to further automate company registration through AI-enabled name reservation, automated Form-A registration, digital compliance monitoring, and additional ease of doing business reforms.

**SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)**

**PRESS RELEASE**

For immediate release

May 17, 2026

# ایس ای سی پی کے اصلاحاتی اقدامات؛ کمپنی رجسٹریشن اور کمپلائنس میں نمایاں بہتری

اسلام آباد ، مئی 17 : سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے فروری تا اپریل 2026 کے دوران کمپنی رجسٹریشن، غیر ملکی سرمایہ کاری، ڈیجیٹلائزیشن اور قواعد پر عملدرآمد میں نمایاں بہتری رپورٹ کی ہے۔ ایس ای سی پی کی نئی انتظامیہ نے پاکستان کے کارپوریٹ شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے کمپنیوں کی رجسٹریشن اور لائسنسنگ درخواستوں کی تیز تر پراسیسنگ، ریگولیٹری رہنمائی اور داخلی اصلاحات پر خصوصی توجہ مرکوز رکھی۔ایس ای سی پی نے فروری سے اپریل 2026 کے دوران 10 ہزار 511 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں، جو گزشتہ سال اسی عرصے میں رجسٹر ہونے والی 8 ہزار 693 کمپنیوں کے مقابلے میں 21 فیصد زیادہ ہیں۔ ان میں سے صرف اپریل 2026 میں 4 ہزار 82 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، جو پاکستان میں ایک ماہ کے دوران کمپنی رجسٹریشن کی بلند ترین سطح ہے۔

ایس ای سی پی کے مطابق اس عرصے کے دوران 22 سے زائد ممالک کے سرمایہ کاروں نے پاکستان میں 220 کمپنیاں رجسٹر کیں۔ ان غیر ملکی حصص یافتگان کی جانب سے رجسٹرڈ کمپنیوں کا مجموعی ادا شدہ سرمایہ 88 کروڑ 20 لاکھ روپے رہا، جو گزشتہ سال اسی عرصے کے 27 کروڑ 70 لاکھ روپے کے مقابلے میں تقریباً 218 فیصد زیادہ ہے۔ غیر ملکی سرمایہ کاری زیادہ تر تجارت، خدمات، معلوماتی ٹیکنالوجی، تعمیرات اور معدنیات کے شعبوں میں دیکھی گئی، جبکہ چینی سرمایہ کار نئی رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں نمایاں رہے۔ اس دوران کمپنیوں کی جانب سے ریگولیٹری کمپلائنس میں بھی نمایاں اضافہ دیکھا گیا۔ کارپوریٹ رجسٹری کو 61 ہزار 960 سالانہ ریٹرنز موصول ہوئیں، جو گزشتہ سال اسی عرصے میں جمع کرائی جانے والی 38 ہزار 326 ریٹرنز کے مقابلے میں 61 فیصد زیادہ ہیں۔ کمیشن نے کمپنیوں کو قانونی گوشوارے جمع کرانے میں سہولت فراہم کرنے اور کمپلائنس کو بہتر بنانے کے لیے ایک جامع مہم چلائی، جس میں بالخصوص حقیقی مالکان کی معلومات کی فائلنگ پر توجہ دی گئی۔

مزید برآں، ایس ای سی پی نے نان لسٹڈ کمپنیوں کے شیئر سرٹیفکیٹس کو مکمل طور پر ڈیجیٹلائز کرنے کا عمل شروع کر دیا ہے۔ اس اقدام کے تحت کمپنیوں کے دستاویزی شیئر سرٹیفکیٹس کو سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی کے زیر انتظام سینٹرل ڈیپازٹری سسٹم کے ذریعے الیکٹرانک یعنی بک انٹری فارم میں منتقل کیا جائے گا۔ اس اقدام سے نان لسٹڈ کمپنیوں کے شیئرز کی ملکیت سے متعلق تنازعات کے خاتمے اور شفافیت میں بہتری متوقع ہے۔ ایس ای سی پی اسلام آباد، کراچی، لاہور، سیالکوٹ اور فیصل آباد میں کاروباری سہولت مراکز قائم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تاکہ کارپوریٹ خدمات تک رسائی مزید آسان بنائی جا سکے۔ آئندہ مرحلے میں ایس ای سی پی کمپنی رجسٹریشن کے نظام کو مزید خودکار بنانے کے لیے مصنوعی ذہانت پر مبنی ناموں کی منظوری، خودکار فارم رجسٹریشن، ڈیجیٹل نگرانی اور کاروبار میں آسانی سے متعلق مزید اصلاحات متعارف کرانے کا ارادہ رکھتا ہے۔